**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**


8اگست2026ء

# پریس ریلیز

## تین مسلم ممالک کا دفاعی معاہدہ خوش آئند البتہ تمام مسلم ممالک کا مشترکہ دفاعی معاہدہ ناگزیر ہے۔

## حرمین شریفین مسلمانانِ عالم کے لیے مقدس ترین مقامات ہیں، اُن کی حفاظت ہر مسلمان کا دینی فریضہ ہے۔

## مسجدِ اقصیٰ کی حفاظت اور صہیونیوں کے مذموم عزائم کو عملی طور پر روکنے کے لیے مسلم ممالک پر مشتمل ایک وسیع الجہتی اتحاد قائم کیا جائے۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** تین مسلم ممالک کا دفاعی معاہدہ خوش آئند البتہ تمام مسلم ممالک کا مشترکہ دفاعی معاہدہ ناگزیر ہے۔ حرمین شریفین مسلمانانِ عالم کے لیے مقدس ترین مقامات ہیں، اُن کی حفاظت ہر مسلمان کا دینی فریضہ ہے۔ مسجدِ اقصیٰ کی حفاظت اور صہیونیوں کے مذموم عزائم کی عملی طور پر روکنے کے لیے مسلم ممالک پر مشتمل ایک وسیع الجہتی اتحاد قائم کیا جائے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس میں کوئی شک نہیں کہ طاغوتی قوتیں مسلم ممالک کے خلاف ایک عرصہ سے عملی اقدامات کر رہی ہیں۔ پورے فلسطین اور کشمیر کے ایک بڑے حصّہ پر اسلام دشمن قوتوں کا کم و بیش آٹھ دہائیوں سے قبضہ ہے۔ پھر یہ کہ 9/11 کا ڈرامہ رچانے کے بعد امریکہ اور اُس کے اتحادیوں نے افغانستان، عراق اور بعدازاں عرب سپرنگ کے نام پر لیبیا اور دیگر کئی مسلم ممالک میں تباہی و بربادی مچائی۔ 7اکتوبر2023ء کے بعد غزہ میں جس بڑے پیمانے پر مسلمانوں کی نسل کُشی کی گئی، جو آج تک جاری ہے، اُس کے خلاف کسی مسلم ملک نے آواز تک بلند نہ کی چہ جائیکہ ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل کے مظالم کو روکنے کے لیے کوئی عملی اقدام اُٹھایا جاتا۔ پھر یہ کہ اسرائیل اور امریکہ کے ایران پر حملے بھی جاری ہیں اور اگرچہ ایران اور اُس کی حمایت یافتہ حوثیوں نے عرب ممالک کو نشانہ بنایا ہے جو کسی صورت قابل قبول نہیں، لیکن پاکستان اور ترکیہ کو برادر مسلم ممالک کی آپس کی خانہ جنگی کو ختم کروانے کے لیے کردار ادا کرنا چاہیے۔ پاکستان، سعودی عرب، ایران اور ترکیہ سمیت تمام مسلم ممالک کو اپنے حقیقی دشمن یعنی صہیونیوں اور اُن کے پُشتی بانوں کے خلاف ایک وسیع الجہتی اتحاد بنانے کی ضرورت ہے جس میں عسکری اتحاد بھی شامل ہو۔ امیر تنظیم نے کہا کہ اگر مسلم ممالک آپس کے تفرقہ کو ختم کر کے متحد نہ ہوئے تو دشمن ایک ایک کر کے سب کو نشانہ بناتا رہے گا۔ لہٰذا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ میں ایران سمیت دیگر مسلم ممالک کو بھی شامل کیا جائے اور اِس اتحاد کے مقاصد کو واضح کیا جائے کہ یہ اتحاد دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کے تحفظ کو یقینی بنائے گا اور صہیونیوں سمیت تمام اسلام دشمن قوتوں کے خلاف کارروائی کرے گا۔

جاری کردہ

**رضاءالحق**

مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: August 8th, 2026**

## Defense pact among three Muslim countries is a welcome development, but a Joint Defense Pact among all Muslim countries is indispensable.

## The Haramain Sharifain are the most sacred places for Muslims worldwide; their protection is the religious duty of every Muslim.

## A broad-based alliance of Muslim countries should be established to protect Masjid Al-Aqsa and practically thwart the nefarious designs of the Zionists.

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that the defense pact among three Muslim countries is a welcome development, but a joint defense pact encompassing all Muslim countries is indispensable. The Haramain Sharifain are the most sacred places for Muslims worldwide, and their protection is the religious duty of every Muslim. A broad-based alliance comprising Muslim countries should be established to protect Masjid al-Aqsa and take practical measures to thwart the nefarious designs of the Zionists. He said that there is no doubt that the Taghuti forces have long been taking practical measures against Muslim countries. The whole of Palestine and a large part of Kashmir have remained under the occupation of anti-Islam forces for nearly eight decades. Furthermore, after staging the False flag of 9/11, the United States and its allies wreaked havoc and destruction in Afghanistan and Iraq, and subsequently in Libya and several other Muslim countries under the pretense of the so-called Arab Spring. Since 7 October 2023, Muslims in Gaza have been subjected to genocide on a massive scale, which continues to this day, yet no Muslim country has even raised an effective voice against it, let alone taken practical measures to halt the atrocities of the illegitimate Zionist state of Israel. Furthermore, Israeli and US attacks on Iran also continue. Although Iran and the Houthis backed by it have targeted Arab countries, which is unacceptable under any circumstances, Pakistan and Türkiye should play a role in bringing an end to the internal conflicts among brotherly Muslim countries. All Muslim countries, including Pakistan, Saudi Arabia, Iran, and Türkiye, need to establish a broad-based alliance against their real enemies – the Zionists and their backers – which should also include a military alliance.

The Ameer of Tanzeem-e-Islami stated that if Muslim countries fail to overcome their internal divisions and unite, the enemy will continue targeting them one by one. Therefore, Iran and other Muslim countries should also be included in the Makkah Joint Defense Pact, and the objectives of this alliance should be clearly defined: it must ensure the protection of oppressed Muslims throughout the world and take action against the Zionists and all other anti-Islam forces.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**